## 170010 - دوران نماز ٹوتھ پیسٹ کا ذائقہ محسوس کرنا، اور دانتوں میں موجود کھانے کے ذرات موجود ہونے سے نماز باطل ہونے یا نہ ہونے کا حکم

### سوال

نماز ادا کرنے سے قبل میں ٹوتھ پیسٹ کرتا ہوں، لیکن اس کا ذائقہ رہتا ہے اور دوران نماز میں ذائقہ محسوس بھی کرتا ہوں تو کیا اس حالت میں میری نماز صحیح ہو گی یا نہیں ؟ اور دوران نماز تھوك نگلنے کا حکم کیا ہے ؟ اور اگر دوران نماز دانتوں میں موجود کھانے کے ذرات نگل لیے جائین تو کیا حکم ہو گا ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

دوران نماز تھوك نگلنے سے نماز پر کچھ اثر نہیں پڑیگا؛ کیونکہ یہ نہ تو کھانا ہے اور نہ ہی پینا، اور نہ ہی کھانے پینے کے معنی میں آتا ہے، اور اگر وہ روزے سے بھی ہو تو تھوك نگلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا تو نماز بالاولی باطل نہیں ہوگی.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 144970 ) اور ( 12597 ) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

دوم:

دانتوں میں موجود کھانے کے ذرات نگلنے سے نماز باطل نہیں ہوتی، اگر یہ تھوڑی سی چیز ہو اور تھوك کے ساتھ چلی جائے، کیونکہ اس سے اجتناب کرنا اور بچنا بہت مشکل ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا:

دوران نماز دانتوں میں باقی مانندہ کھانے کے ذرات کی موجودگی کا حکم کیا ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" کھانے کے باقی مانندہ ذرات کے بارہ میں یہ ہے کہ دانتوں میں رہنے میں کوئی حرج نہیں چاہے انسان اسی حالت میں نماز ادا کرے، لیکن اگر کوئی ذرہ علیحدہ ہو جائے تو اسے نگلنا نہیں چاہیے، بعض اوقات کھانے کے ذرات

دانتوں میں پھنس جاتے ہیں اور کچھ عرصہ کے بعد نکل آتے ہیں یا پھر زبان کے ساتھ اسے نکال دیا جاتا ہے، تو ہم کہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں لیکن وہ اسے نگلے مت " انتہی

اور بھوتی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" چبائے بغیر دانتوں میں پھنسے اور منہ میں رہ جانے والے کھانے کے ذرات نگلنے میں کوئی حرج نہیں، جو تھوک کے ساتھ اندر چلا جائے یہ ہلکا پھلکا ہے؛ کیونکہ اسے کھانا کا نام نہیں دیا جاتا، اور جو تھوک کے ساتھ نہ جائے بلکہ خود اسے لے کر جائے اور اس کا جسم ہو تو اس کے نگلنے سے نماز باطل ہو جائیگی .... " انتہی

دیکھیں: کشاف القناع ( 1 / 339 ).

اور الموسوعۃ الفقھیۃ میں درج ہے:

" فقہاء کرام اس پر متفق ہیں کہ مطلق طور پر کھانے پینے سے نماز باطل ہو جاتی ہے... لیکن انہوں نے اس سے دانتوں میں پھنسے ہوئے ذرات مستثنی کیے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ چنے کے دانے سے چھوٹے ہوں تو اس کے نگلنے سے نماز باطل نہیں ہوتی، لیکن اگر زیادہ اور کثرت سے ہوں تو فقہاء نے صراحت کی ہے کہ اسے نگلنے سے نماز باطل ہو جائیگی .. انتہی

دیکھیں: الموسوعۃ الفقھیۃ ( 27 / 124 ).

سوم:

رہا مسئلہ ٹوتھ پیسٹ کی بو اور ذائقہ رہنے سے نماز کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیونکہ اسے کھانا شمار نہیں کیا جاتا، اور نہ ہی پینا شمار ہوتا ہے.

واللہ اعلم .